ادبیات

دل پر اثرِ گنبدِ مینا نہیں ہوتا

از مولانا محمد کفیل صاحب فاروقی

یوں زلفِ گرہ گیر کا سودا نہیں ہوتا
خود جلوہ نگر حسنِ دل آرا نہیں ہوتا

آئینہ میں خورشید سراپا نہیں ہوتا
جلوا بخدا صاحبِ جلوا نہیں ہوتا

یوں خلد میں وہ محوِ تماشا نہیں ہوتا
یوں منظرۂ آدم و حوا نہیں ہوتا

عشوہ نہیں ہوتا کہ کرشما نہیں ہوتا
وہ حسن میں یکتا ہو تو کیا کیا نہیں ہوتا

ہوتا نہ کبھی ولولۂ شوق فزوں تر
اُس کا ہی اگر حسنِ تقاضا نہیں ہوتا

جز جلوۂ فردوس نہ تھا حُسنِ تخیل
ہر خواب مگر خوابِ زلیخا نہیں ہوتا

ہر چند کہ جلووں کی بہاریں ہیں شب و روز
ایامِ گزشتہ کا اعادا نہیں ہوتا

حیرت بھی ہر مستی بھی ہر بیتابیٔ دل بھی
منزل پہ پہونچکر بھی تماشا نہیں ہوتا

ہے گردشِ ایام میں بھی کیف کا عالم
دل پر اثرِ گنبدِ مینا نہیں ہوتا

جب قلب ہی یکسو نہ ہو طاعت کا مزہ کیا؟
دو سمت رواں ایک سفینا نہیں ہوتا

بے کار ہے شعر و سخن و گرمیِ محفل
سینے میں اگر شعلۂ سینا نہیں ہوتا

بیتاب تجلی ہے کفیل آج بھی لیکن
موسیٰ کی طرح آدمی پیدا نہیں ہوتا